ایم-4 کاربین دور جدید کی سب سے مشہور امریکی ساختہ اسلٹ رائفل سمجھی جاتی ہے۔

0307-8162003

اس رائفل کی تاریخ کچھ یوں ہے کہ ویتنام کی جنگ سے واپس لوٹنے والے امریکی سپاہیوں نے اپنی خراب ایم-16 رائفلوں کے خلاف شدید ردعمل دیا، خصوصا" ایم-16 رائفلیں نزدیک کی لڑائ میں کارآمد نہیں تھیں۔

امریکی فوج کے کہنے پر حکومت نے ایک امریکن کمپنی کو ایسی رائفل بنانے کی درخواست کی جو کم وزنی ہو ، سائز میں چھوٹی ہو اور شکل میں ایم-16 سے ملتی جلتی ہو۔

اس پروجیکٹ میں تقریبا" دس سال کا عرصہ لگا ، آخر 1992میں ایک نئ رائفل بن کر سامنے آئ جسے ہم ایم-4 کے نام سے جانتے ہیں۔

یہ رائفل 1994 میں امریکی فوج کی سروس میں شامل ہوئ، پہلے پہل اسے صرف افسران کو استعمال کی اجازت تھی لیکن آہستہ آہستہ اسے ایم-16 کی جگہ سروس میں شامل کر دیا گیا۔

آج امریکی فوج کی اکثر نفری یہی رائفل استعمال کرتی ہے۔

پاکستان آرمی کا سپیشل سروس گروپ (SSG) چند سال پہلے چین کی ٹی-56 کو اپنی اولین رائفل کے طور پر استعمال کرتا تھا۔ لیکن مشرف دور کے بعد سے پاکستان کی سب سے اہم فورس کی استعدادکار بڑھانے کے لیے ہزاروں ایم-4 رائفلیں خریدی گئیں جس کی وجہ سے آج ایم-4 رائفل ایس ایس جی کا بنیادی ہتھیار بن چکا ہے۔

ایس ایس جی کے علاوہ سندھ پولیس کا SSU بھی یہی رائفل استعمال کرتا ہے۔

ضرب عزب کے وقت یہ رائفل بے شمار خارجیوں کو جہنم واصل کرنے کا باعث بنی۔

کم وزن ہونے اور انتہائی درستگی سے آدھا کلومیٹر کی کارگر رینج سے ٹارگٹ ہٹ کرنے کی وجہ سے اسے پاکستان آرمی کی سب سے بہترین رائفل سمجھا جا سکتا ہے۔

0307-8162003